اردو
(Urdu)

Electoral Commission
SOUTH AUSTRALIA

# اندراج کریں اور ووٹ دیں
# 2026
# اسٹیٹ الیکشن

## اسٹیٹ الیکشن کے بارے میں معلومات

اسٹیٹ انتخابات کے ذریعے ساؤتھ آسٹریلیا کے لوگ منتخب کرتے ہیں کہ ساؤتھ آسٹریلیا کی پارلیمنٹ میں کون جائے گا۔
ان انتخابات کا انعقاد ہر 4 سال بعد مارچ کے تیسرے ہفتے میں کیا جاتا ہے۔

## میں ووٹ دینے کے لیے کیسے رجسٹرکروا سکتا / سکتی ہوں؟

جب آپ اندراج کرواتے ہیں، تو ہم آپ کا نام ان لوگوں کی فہرست میں درج کرتے ہیں جو ووٹ دے سکتے ہیں۔ جب آپ ووٹ دیتے ہیں تو آپ منتخب کرتے ہیں کہ کون پارلیمنٹ کا حصہ بنے گا۔

اپنی تفصیلات کا اندراج یا انہیں اپ ڈیٹ کرنا آسان ہے۔ یہاں پر ہماری ویب سائیٹ ملاحظہ کریں: ecsa.sa.gov.au
ٹول فری نمبرپر کال کریں: 1300 655 232

**آپ کوووٹ دینے کے لیے لازماً اندراج کروانا چاہیے اگر آپ:**

- **کم از کم ایک ماہ سے ساؤتھ آسٹریلیا میں مقیم ہوں۔**
- **18 سال سے زیادہ عمر کے ہوں۔**
- **آسٹریلیا کے شہری ہوں۔**

اندراج تمام ریاستی، وفاقی اور مقامی انتخابات کے لیے قابل قبول ہوتا ہے۔
اگر آپ گھر منتقل کرتے ہیں یا اپنا نام تبدیل کرتے ہیں تو اپنی تفصیلات کو اپ ڈیٹ کرنا یاد رکھیں۔


## میں پولنگ بوتھ پر ووٹ کیسے ڈال سکتا/سکتی ہوں؟

جب آپ نے ووٹ ڈالنا ہو تو اس کے لیے آپ کے پاس کئی آسان طریقے ہیں۔ ان میں پولنگ کے دن ووٹ ڈالنا یا ارلی ووٹنگ سینٹر میں جلدی ووٹ ڈالنا یا ڈاک کے ذریعے ووٹ دینے کے لیے درخواست دینا شامل ہیں۔ انتخابات کے دن ووٹ ڈالنے کا سب سے آسان طریقہ اس پولنگ بوتھ پر جانا ہے جو آپ کی رہائش کے قریب ہو۔

اگر آپ کو نقل و حرکت کرنےمیں دشواری کا سامنا ہو یا معذوری لاحق ہو، یا آپ کسی ایسے شخص کی دیکھ بھال کر رہے ہیں جو ان مشکلات میں مبتلا ہو، تو آپ یہاں پر پولنگ بوتھ پردستیاب رسائی کی تفصیلات دیکھ سکتے ہیں ecsa.sa.gov.au۔

پولنگ کے دن سے پہلے، ساؤتھ آسٹریلیا کا الیکٹورل کمیشن آپ کو قریب ترین پولنگ بوتھ کے مقامات کے بارے میں تحریری طور معلومات فراہم گا۔

آپ کو ایک ایزی ووٹ کارڈ (EasyVote) ملے گا جو آپ ووٹ دیتے وقت اپنے ساتھ لا سکتے ہیں۔ آپ پولنگ بوتھز کے بارے میں معلومات یہاں پر بھی حاصل کر سکتے ہیں ecsa.sa.gov.au۔




**پولنگ کے دن پولنگ بوتھ کھلنے کے اوقات: صبح 8:00 بجے سے شام 6:00 بجے تک ہوتے ہیں۔**

**1. جب آپ پولنگ بوتھ پر جائیں گے، تو آپ سے آپ کا نام، پتہ اور "کیا آپ نے اس الیکشن میں پہلے ووٹ دیا ہے؟"کے بارے میں پوچھا جائے گا۔**

اپنی شناخت کو آسان اور تیز تر بنانے کے لیے، آپ اپنا EasyVote کارڈ یا اپنے نام اور پتے کی حامل کوئی اور دستاویز ساتھ لا سکتے ہیں۔

**2. ووٹر لسٹ میں آپ کا نام چیک کیا جائے گا اور آپ کو دو بیلٹ پیپر ملیں گے: ایک ایوان اسمبلی ( House of Assembly ) کے لیے (سبز) اور ایک قانون ساز ( Legislative) کونسل کے لیے (سفید)۔**

**3. بیلٹ پیپرز کے ساتھ ووٹ ڈالنے والی جگہ پر جائیں جہاں آپ اپنا ووٹ رازدارانہ طور پرڈال سکتے ہیں۔**

آپ کا ووٹ خفیہ ہوتا ہے۔ لیکن اگر آپ کو مدد کی ضرورت ہو تو انتخابی عملے میں سے کسی سے بات کریں۔

**4. اپنے بیلٹ پیپرز کو بھرنے کے بعد، انہیں بیلٹ بکسز میں داخل کردیں۔**

# بیلٹ پیپرز کو کیسے بھرنا ہے

آپ کو دو بیلٹ پیپرز ملیں گے:


## 1. ایوان اسمبلی کا بیلٹ پیپر

ایوان اسمبلی کےسبز بیلٹ پیپر پر، آپ کو لگاتار نمبروں کے ساتھ ہر خانے میں اپنی پسند کے لحاظ سے ایک نمبردرج کرنا ہوگا۔

1. اس امیدوار کے نام کے آگے خانے میں نمبر '1' لکھیں جسے آپ اپنی پہلی پسند کے طور پر بتانا چاہتے ہیں۔
2. اپنی دوسری پسند کے آگے نمبر '2' لکھیں۔
3. اپنی تیسری پسند کے آگے نمبر '3' لکھیں۔

. . . اور اسی طرح کرتے جائیں جب تک کہ آپ ہرخانے میں نمبر درج نہ کرلیں۔

اگر آپ غلطی کرتے ہیں تو فکر نہ کریں۔ غلط اندراج پر ایک لائن لگائیں اور اس کے ساتھ صحیح معلومات لکھیں، یا آپ انتخابی افسر کو متبادل بیلٹ پیپر دینےکے لیے بھی کہہ سکتے ہیں۔




**اگر آپ سےغلطی ہوجائے، تو ہمیشہ عملے سے مدد طلب کریں۔**

# 2. قانون ساز کونسل کے لیے بیلٹ پیپر

2 طریقوں سے آپ ووٹ دے سکتے ہیں - بولڈ لائن کے اوپر یا لائن کے نیچے - **لیکن دونوں جگہوں پر نہیں**۔

## بولڈ لائن کے اوپر ووٹ دیں:

اگر آپ بولڈ لائن کے اوپر ووٹ دینے کا انتخاب کرتے ہیں تو:

1. **اس پارٹی یا امیدواروں کے گروپ کے آگے خانے میں نمبر '1' لکھیں جو آپ کی پہلی پسند ہے۔**
2. **اپنی دوسری پسند کے آگے نمبر '2' لکھیں،** اور اسی طرح جتنی پارٹیوں یا امیدواروں کے گروپ آپ چاہیں، ان کے ترجیح وار نمبرلکھ سکتے ہیں۔

آپ کو ہر خانے میں نمبر لکھنے کی ضرورت نہیں ہے۔ بیلٹ پیپر کے باقی حصے کو خالی چھوڑ دیں۔ بولڈ موٹی لائن کے نیچے نشان نہ لگائیں۔

بولڈ لائن کے اوپر ووٹ دینے سے، آپ کا ووٹ آپ کے منتخب کردہ گروپ (یا گروپوں) کے امیدواروں کو مل جائے گا۔

South Australia, 2026 Election

**Ballot Paper for the Election of 11 Legislative Councillors**

You may vote in one of two ways. You are not legally obliged to mark the ballot paper.

**If you vote ABOVE the line**

If you vote above the line write the number 1 in the square next to the group of your choice. You can show more choices if you want to by writing numbers in other squares starting with the number 2.
Do not write any numbers below the line.

| A | B | C | D | E |
|---|---|---|---|---|
| ☐ Environment First Party | ☐ Shine Australia | ☐ The People's Party | ☐ Farmer's Alliance | ☐ Southern Cross Party |

**OR**

**If you vote BELOW the line**

If you vote below the line write the numbers 1 to 12 in the squares next to the names of the candidates in the order of your choice. You can show more choices if you want to by continuing to write numbers in more squares. You don't need to write a number in every square.
Do not write any numbers above the line.

| A | B | C | D | E |
|---|---|---|---|---|
| ☐ Lauren Hall | ☐ Finn Robinson | ☐ Anita Holland | ☐ Winston Barker | ☐ Naomi Lee |
| ☐ Tony Matic | ☐ Latika Fischer | ☐ Joshua McCall | ☐ Nina Harris | ☐ Felix Barker |
| ☐ Jane Nguyen | ☐ Andy McMahon | ☐ Imane Caskey | ☐ John Thompson | ☐ Jennie Rodriguez |
| ☐ Oliver Bloom | ☐ Helen Park | ☐ Ahren Patel | ☐ Rachel McKinnon | ☐ Rory Lane |
| ☐ Sasha Crown | ☐ James Ludwig | ☐ Vanessa Hollow | ☐ Jeremy Choi | ☐ Katrina Sebastian |
| ☐ Travis Alves | ☐ Ophelia Knight | ☐ Porter Smith | ☐ Courtney Wilson | ☐ Noah Stringer |

Issuing Officer Initials


After voting, fold the ballot paper and place it in the ballot box or in the envelope provided.

## بولڈ لائن کے نیچے ووٹ دینا:

اگر آپ بولڈ لائن کے نیچے ووٹ دینے کا انتخاب کرتے ہیں تو:

1. **اس امیدوار کے آگے خانے میں نمبر '1' لکھیں جو آپ کی پہلی پسند ہے۔**
2. **اس امیدوار کے آگےخانے میں نمبر '2' لکھیں جو آپ کی دوسری پسند ہے،**
3. **اپنی پسند کے دیگر امیدواروں کے آگے خانوں میں نمبر 3، 4، 5، 6 لکھیں جب تک کہ آپ کم از کم 12 امیدواروں کا انتخاب نہ کر لیں۔**

آپ 12 سے زیادہ امیدواروں کا انتخاب بھی کر سکتے ہیں۔



# اگر میں پولنگ بوتھ تک نہ جا سکوں تو کیا ہوگا؟

اگر آپ پولنگ بوتھ تک نہیں جا سکتے، یا اگر آپ الیکشن کے دوران اسٹیٹ سے باہر ہوں گے، تو ووٹ ڈالنے کے دوسرے طریقے دستیاب ہیں۔

## ڈاک کے ذریعے ووٹنگ

آپ پوسٹل ووٹ کا درخواست فارم پُر کرکے بیلٹ پیپرز بھیجنے کی درخواست کر سکتے ہیں۔ یہ الیکشن سے **تقریباً چھ ہفتے پہلے** دستیاب ہوں گے۔

**یہاں پر ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں ecsa.sa.gov.au** **ٹول فری کال کریں: 1300 655 232**

ساؤتھ آسٹریلیا کا الیکٹورل کمیشن آپ کی درخواست پر کارروائی کرے گا اور ووٹ سے تقریباً دو ہفتے قبل بیلٹ پیپرز بھیجنا شروع کر دے گا۔

**ساؤتھ آسٹریلیا سے باہر رہنے والوں کے لیے:** پوسٹل ووٹ کی درخواست دینے کی آخری تاریخ پولنگ کے دن سے 8 دن پہلے ہوتی ہے۔

**ساؤتھ آسٹریلیا کے اندررہنے والوں کے لیے:** پوسٹل ووٹ کی درخواست دینے کی آخری تاریخ پولنگ کے دن سے 4 دن پہلے ہوتی ہے۔

جب آپ اپنے بیلٹ پیپرز وصول کر لیں، تو انہیں جلد از جلد مکمل کریں اور واپس بذریعہ ڈاک بھیج دیں۔

پولنگ عملہ پولنگ کے دن سے پہلے اورپولنگ کے دن کچھ ہسپتالوں اور نرسنگ ہومز کا دورہ کرتا ہے۔

## اگر کسی اور اسٹیٹ میں ہوں تو وہاں پر ووٹ ڈالنا

آسٹریلیا کی ہر اسٹیٹ کے دارالحکومت میں ارلی ووٹنگ کے مراکز قائم ہوں گے۔ ارلی ووٹنگ مراکز کے مقامات کے بارے میں جاننے اور انہیں دیکھنے کے لیے ہمیں کال کریں یا ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

**یہاں پر ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں ecsa.sa.gov.au** **ٹول فری کال کریں: 1300 655 232**

## کم بینائی اور نقل و حرکت نہ کرسکنے والے افراد کے لیے ٹیلی فون کے ذریعے ووٹنگ


ٹیلی فون ووٹنگ کے لیے مدد اب ان لوگوں کے لیے بھی دستیاب ہے جونقل و حرکت نہیں کرسکتے ہیں، یا ایسے ووٹرز جو نابینا ہیں یا جن کی بصارت کم ہے۔

**کیا آپ کو مترجم کی ضرورت ہے؟**
اگر آپ کو مترجم کی ضرورت ہے تو، 131 450 پر ٹرانسلیشن اینڈ انٹرپریٹیشن سروس (TIS National) کو کال کریں اور 1300 655 232 پر ساؤتھ آسٹریلیا کے الیکٹورل کمیشن سے منسلک کروانے کا کہیں۔

**اوقات کار: پیر سے جمعہ | صبح 9:00 بجے سے شام 5:00 بجے تک**



**اہم بات - ووٹ ڈالنا لازمی ہے۔ اگر آپ ووٹ نہیں ڈالتے تو آپ پر جرمانہ عائد کیا جا سکتا ہے۔**



**اگر آپ ووٹ دینے سے قاصر ہیں تو ECSA سے 1300 655 232 پر رابطہ کریں۔**

ecsa.sa.gov.au
facebook.com/SAelections
1300 655 232

Electoral Commission SOUTH AUSTRALIA